## سوال

نماز میں آنے والے وساوس کا علاج السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوال یہ ہے کہ جب میں نماز پڑھ رہا ہوتا ہوں تو دوران نماز میرے ذہن میں مختلف قسم کے دنیاوی اور بعض دفعہ نامناسب خیالات آتے ہیں جن پر دوران نماز ہی بہت مشکل سے قابو پاتا ہوں اور اکثر اوقات تو میری نماز اسی حالت میں مکمل ہوجاتی ہے۔ بارئے مہربانی ان کا کوئی شرعی علاج بتا دیں؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کے دوران وساوس لانے کا سبب خنزب نامی شیطان ہے۔ جو آدمی پر اس کی نماز کو خلط ملط کر دیتا ہے۔ صحابی رسول سیدنا عثمان بن ابی العاص نے نبی کریم ﷺ سے نماز میں وساوس کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم تین بار تعوذ (اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم) پڑھ کر اپنی بائیں جانب تھوک دیا کرو۔ صحابی فرماتے ہیں: میں نے اس پر عمل کیا تو اللہ تعالی نے مجھے ان وساوس سے نجات دے دی۔[مسلم: 3203]ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث